دکنی فرہنگ

چھ اہم مثنویوں کی فرہنگ

مرتبہ

امیر عارفی

ایم۔ اے (علیگ)

اے۔ پی۔ اکیڈیمی حیدرآباد

سنِ اشاعت بارِ اول ۱۹۷۲ء

قیمت
۵
روپے

مطبوعہ دارالطباعت شنکرباغ حیدرآباد

پبلیشر

ادبی اکیڈیمی
محمود باغ۔ آصف نگر۔ حیدرآباد

انتساب

ہندوستان کے مشہور ماہر معاشیات

پروفیسر ڈاکٹر علی محمد خسرو

کے

نام

نام	قاضی سید زکریا
قلمی نام	امیر عارفی
پیدائش	۱۴ راگست ۱۹۴۱ء
وطن	حیدرآباد
ابتدائی تعلیم	ہائی اسکول سلطان بازار، ہائی اسکول دارالشفا، حیدرآباد
میٹرک	(۱۹۵۹ء) مسلم یونیورسٹی ہائی اسکول مسلم یونیورسٹی علی گڑھ
بی۔اے	۱۹۶۴ء میں امتیاز کے ساتھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے پاس کیا۔
ایم۔اے	۱۹۶۶ء میں اردو ادب سے مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے امتیاز کے ساتھ پاس کیا
پی۔ایچ۔ڈی	نیاز فتح پوری کی تحریروں کا تنقیدی مطالعہ" پی ایچ ڈی کی ڈگری کے لئے شعبہ اردو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں پیش کیا گیا۔

نہ ستایش کی تمنّا....

دکنی فرہنگ، دکنی ادب کی چھ اہم مثنویوں گلشنِ عشق، من لگن، قطب مشتری، سیف الملوک و بدیع الجمال، اور طوطی نامہ پر مشتمل ہے۔ فرہنگ کے لئے ان کا انتخاب اس لئے کیا گیا کہ مختلف جامعات کے نصاب میں ان مثنویوں کو شامل کیا گیا ہے۔ ان مثنویوں کی فرہنگ طلبا اور اہلِ ذوق کی دشواریوں کو پیشِ نظر رکھ کر تیار کی گئی ہے۔

فرہنگ اور لغت میں جو باریک سا فرق ہے اس کو ملحوظ رکھا گیا ہے اور اس کے لکھنے کا مقصد بھی یہی تھا۔

ابھی تک دکنی کی مستند اور اہم لغت ڈاکٹر مسعود حسین خاں صدر شعبہ لسانیات، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کی مرتب کردہ ہے۔ جو حرفِ آخر کا درجہ رکھتی ہے۔ اس اہم لغت

کی موجودگی میں میری فرہنگ نشانِ راہ کا کام دیتی ہے۔ الفاظ کے انتخاب میں اس بات کا خیال رکھا گیا ہے کہ الفاظ مشکل اور غیر مانوس ہوں اور ایسے الفاظ کو بھی شامل فرہنگ کیا گیا ہے جو بظاہر آسان اور معمولی نوعیت کے نظر آتے ہیں دراصل ان الفاظ کے معنے دور از کار ہوتے ہیں۔

الفاظ کے معنوں میں اس بات کو ملحوظ رکھا گیا ہے کہ معنی عام فہم اور سادہ ہوں۔ شعر میں ایک لفظ کے معنے ایک ہی ہو سکتے ہیں اور ایک سے زیادہ بھی۔ جہاں ایک معنے نکلتے ہیں وہاں ایک لکھا گیا ہے جہاں ایک سے زیادہ معنے نکلتے ہیں وہاں ایک سے زیادہ لکھے گئے ہیں۔ بعض الفاظ کے معنوں میں اختلاف ہو سکتا ہے اور آپ کو کہیں کہیں غلطیاں بھی نظر آ جائیں گی جس کے لئے معذرت کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ آخر میں مجھے اپنے دوست جناب سید وقار الدین صاحب بی۔ اے ڈی۔ بی۔ اے (علیگ) مدیر روزنامہ "رہنمائے دکن" حیدرآباد کا شکریہ ادا کرنا ہے جنہوں نے اس فرہنگ کی طباعت کی ذمہ داری قبول کی۔ فرہنگ کی ترتیب الفاظ و معنے کی صحت کے سلسلہ

میں میرے بڑے بھائی حضرت انجم عارفی نے شب و روز میری مدد فرمائی اس لئے میں ان ہر دو اصحاب کا تہہ دل سے مشکور ہوں۔

فرہنگ کی اشاعت کے سلسلہ میں رشید پاشا کا تعاون اگر حاصل نہ ہوتا تو شاید ابھی برسوں اس کی اشاعت کی نوبت نہ آتی۔ آخر میں محمد جعفر صاحب کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے صبر آزما حالات کے باوجود فرہنگ کی کتابت نہایت خوش اسلوبی سے انجام دی۔ اس کے علاوہ عبدالخالق صاحب نے بھی کافی مدد کی۔ فرہنگ کی اچھائی اور برائی کے متعلق مجھے کچھ کہنا نہیں ہے آپ کے سامنے حاضر ہے۔ میرے سامنے صرف ایک مقصد تھا کہ اگر یہ فرہنگ دس فی صد اہلِ ذوق کے کام آجائے تو میں سمجھوں گا کہ میری محنت کام آئی۔

امیر عارفی

ادبی اکیڈیمی

محمود باغ - آصف نگر - حیدرآباد

الف

آپستیاں - حاملہ

آب نار - گرم - آگ

آپار - لامحدود - بے کنار

آپیچ آپ ہی

آتین تخلیق - خلقت

آٹ آٹھ (عدد)

آد قدیم پہلا - اول

آدا آدھا

آدار بادبان

آدھار سہارا

آدھرم بے ایمانی - طلسم

آدے آدھے

آرتی نظر بد کو دور کرنا

آرس آئینہ

آروس عروس - دلہن

آسانگی آسانی

آسمانی بلند

آکار روپ - ہیئت

آکار شمار - عالم - سوت

آکاس آسماں

آگ لانے کی لائیگا - آگ لگانے کی تھی وہ لگا گئیں۔

آماس قوت

آلڑ الھڑ - دوشیزہ

آلے شکم

آلا اعلیٰ

آمنا منت - احسان

آن قسم

آنب آم

اپڑے (اپڑنا) پہنچنا - ملنا

آمنے چھونٹے - آمنے سامنے بیٹھ کر چھونا

آنک آنکھ

آنگن صحن

آنند امن - چین - خوشی

آنو آن

آنہار آنے والا

آورد توشہ

آے آسکے

آنے جانے کرنا - آمد ورفت - آنا جانا کر

اُ او - اوس

ابادان آباد

اُبال جوش

ابٹے بلند ہوئے

ابرا دوہرے کپڑے کے اوپر کا کپڑا - استر

ابرسی باقی نہ رہے گی

ابس توقف

ایرص بباس

ایلوج مصری

ایوج جاہل - ناسمجھ

ایصال بادل

ایصال وبال - مدوجزر

ایصالال (جمع ایصال کی) بادل

ایھوگ مفلس

اپ آپ

اَپار ناقابل عبور

اپار بہت زیادہ - بے حد

اپانا پیدا کرنا

اپاڑنا نکالنا

اپٹنا بگڑنا - غضب ناک ہونا

اپجنا پیدا ہونا

اپج پیدائش

اپج میں دونوں / اپنی بانے تہال } پہلے دونوں کمن تھے۔

اپچار حکمت۔ تدبیر

اپچانا نکلنا۔ پیدا کرنا۔ تخلیق کرنا

اُپچانہارا پیدا کرنے والا

اُپچھرا پری

اپرال اوپر۔ اوپر کی طرف

اپروپ نادر۔ بے مثل

اپس حکم

اپس اپنا۔ خود

اپس جائی کوں۔ اپنی بیٹی کو

اپس سوں اپچے۔ آپ ہی آپ پیدا ہوئے

اپس ہات جوڑنا۔ ہاتھ ملنا

اپچیسے از خود

اُپکار احسان

اپے آپ۔ خودی

اپن اپنا۔ اپنے کو

اپنک خود

اپنکی یکایک

اپنگ زیادہ۔ یکتا

اپن پنتھ۔ راہ

اَت بہت زیادہ

آتا اب

آتا شب خون

آتارو آتارنے والا۔ پار لگانے والا

آتاریا آتارا

آتال اب

اُتالی عجلت۔ جلدی

اُتاول بے قرار۔ جلد باز

اتبار ایک مرتبہ۔ ایک بار۔ اس بار

آتنیاں جمع آتنے (یا اتنے کی)

اَتر نشہ

اترای احسان کا عوض۔ احسان اتارنے والا

اتھا تھا

اتم اعلیٰ

اتر ٹل کبتک اتر و فتح ہونے تک

اُٹ اٹھنا۔ اٹھو

اجال آگلا پہلا اجالا

اجت آفتاب

اجنوں اب بھی

اجو اب تک

اچھ ( ) ہو۔ رہ

اجھوں ابھی

اچ (اچنا۔ ہونا) ہو

اچانے (اچانا۔ اٹھانا) اٹھائے

اچنا (اچنا۔ ہونا)

اچپل شوخ

اُچل ہوگا

اچنبا عجیب۔ تعجب۔ حیرت

اچنہار رہنے والا۔

اچھر (لفظ) اکثر

اچھراں (اکثر) حروف

اچھریاں پریاں

اچھنا ہونا۔ رہنا

اچھے ہوئے۔ رہے

اچی ہوگا

اچیل بےچین۔ مضطرب

اختیاری جرات۔ ہمت

ادرمان تعظیم

ادک }
ادھک } زیادہ۔ نہایت

ادھر لب۔ ہونٹ

اچھالیا سو طاق جوہریوں کا قاعدہ } ادھر پر ادھر۔ اب پر لب
فلک میں بڑا ہے کہ جو لعل بے بہا } ادھر جام کا۔ لب کے جام کا

ہوتا ہے اے ناخن سے ادکھیا }
جنبش دیتے ہیں اور جنبش قلم ادکھیا } حاسد

وہ اور جاتا ہے اسی قدر ار اگر

وہ جنس قیمت تقوی کیا جاتا ہے ارت معنی

ارداس - عرضداشت - عرضی - درخواست   اشقالنا   چھیڑنا - حرکت کرنا

اڑانا   چیخنا - چلانا - گرجنا - پکارنا   اصل   جڑ

ارگند - ایک قسم کا پھول   اصول   اطوار

اڑباٹ - وہ راستہ جو شارع عام اور آبادی سے الگ ہو ——   اقل   عقل

اکہت   راز - بھید - چھپا ہوا

ایسا راستہ جو سیدھا اور ہموار نہ ہو   اکاس   آسمان

اڑگن   ستاروں کی جھرمٹ   اکھنڈ   مکر - فریب - سالم - مسلسل

اڑنالاں   عرف - پیار کا نام   اگلا   بڑھ کر - افضل - زیادہ - آگے کا - سامنے کا -

اِس   اس کے - اس کو

اُس   اس کے - اس کے پاس   اگم   عقبیٰ - علم غیب

اُساساں   (بھرنا) آہیں بھرنا   اگن   آگ

اسیتد   اس لئے   اگھانا   سیر کرنا - سیر ہونا - آسودہ

استوا   دوپہر کا وقت   اگھم   یقین

استوت   (استتی) توصیف - مدح - تعریف   اگھنا   سیر کرنا

استری   عورت   اگھائے   سیر ہوئے

اسد   برج اسد   اگھائی   دل سیر کر دینے والا -

اس کیچہ   اس کے ہی   اگیٹی   انگیٹھی

اشتہا   خواہش   اُلالے   (جمع) جوش - ولولے -

لفظ	معنی
اِلادا	علحدہ
الک	زلف
الکھ	ظاہر
الگ	نرالی
انھگ	دیوار (موج کی)
انگاں	دیواریں
انھگی	دیوار کی پشت
اماس	اندھیری - رات
امر	زندۂ جاوید - لافانی
امریت	امرت
امس	جوش - خواہش - ولولہ - ہمت
امول	انمول - بیش بہا
امولک	بے بہا - بیش قیمت
امیل	شریف
اَن	غذا (کھانا - پانی)
اِنام	انعام
انبر	آسماں (جمع ابران)
انپرآنا	اوپر آنا - نکالنا۔
انپڑانا	پہچانا
انپڑنا	حاصل کرنا - پکڑنا
انپرت	امرت
انت	انتہا - کنارا
انتر	پوشیدہ
انجن	سرمہ - ایک قسم کا کاجل جس کے لگانے سے زمین کے پوشیدہ خزانے نظر آنے لگتے ہیں۔
انجو / انجھو	آنسو
انچل	آنچل
اندازہ	مقدور
اندکار	اندھیرا
اندو	زنجیر
اندھیاریاں	(چھپرکٹ کے) پردے یا (مسہری کے) پردے
اندیشا	فکر - وسوسے
انس	انناس

انگ جسم

انگات پریشانی۔ غم واندوہ

انگ رس زیب وزینت

انگارے شرر۔ چنگاریاں۔ آگ

انگار آگ۔ انگارہ

انگن ۔آنگن۔ ان گنت

انگول انگوٹھی۔ انگلی

انگے آگے۔ روبرو

اَنمَنا کوئی کام بے دلی سے کرنا

اننگ آگ

انو ان کے

انوٹی انوکھی

انے اس نے

انپڑے پہنچے۔ حاصل ہوئے

انہو ان کو

او وہ

اوبالا پانی میں جوش دیا ہوا

اوپاڑ اکھاڑ

اوپانا اٹھانا

اوپٹ جوش دیا ہوا۔ لپٹنا۔ اکھڑنا

اوپجنا تخلیق کرنا

اوپرال اوپر

اوپرس (اپرس) پارس (پتھر)

اوتار برگزیدہ۔ نادر۔ بے مثل

اُوتے اتنے

اوتھم کُل خاندان

اوجال نور بخشنے والا (جگ اوجال دنیا کو روشن رکھنے والے)۔

اوجڑ ویران۔ بدمزاج

اوپاڑے گیا اٹھایا گیا

اوچی ناگہانی

اُوداس اداس۔ غمزدہ

اوداسا بیمار

اودھان مستعدی۔ شیوہ۔

اودھن۔ انگوٹھی

اودھوت۔ بہادر

اودیسا ۔ بدقسمتی

اوراویں طوطے

اوڑے کنارہ کشی کرنا ۔ الگ ہو جانا

اوڑے دھڑ تے } سر ٹوٹ کر کوہ قاف
سر ٹوٹ جا قاف کن } تک جا پہونچے

اوسنتے خواب میں بڑبڑانا

اوتاولے (جمع) جلدی کرنیوالا ۔ جلد باز

اوڑ روک ۔ اوٹ

اُوڑی مارنا ۔ چھلانگ لگانا

اوکت پوشیدہ

اوک اوکھ ۔ بہت ۔ زیادہ

اوکار احسان

اوکل بے قرار ۔ بے کل ۔ بے چین

اوکھ بہت

اوکھن بدکردار

اوگت ایجاد ۔ انکشاف

اوگم آغاز ۔ ابتدا

اوگے طلوع ہونا۔

اولاس شوق ۔ جوش ۔ ولولہ

اوچھال جوار بھاٹا ۔ طغیانی ۔ سیلاب

اسّے آگ

اہے ہے

اہیں ہیں

ایتا ۔ بے

ایہاں نے ایسوں ے

ب

باپ : زبردست ۔ والد

بات حرف ۔ شعر ۔ سخن

بات چلنا بات مشہور ہونا

باتیاں بتیاں

باٹ رستہ

باٹ کار مسافر

باٹ مارو ڈاکو ۔ رہزن ۔ بٹ مار

باٹ پاڑو راہ زنی

باج بغیر ۔ سوا

باد برباد

بار دیر

بار کاروبار

بارا ہوا - آندھی

بارلانا پھل لانا

بارے شال - ہوا کی طرح

باڑا محلہ

باس (بھاشن) سخن - بات

باس بو

باکلا روشنی

باگ (باگھ) شیر

بالشت تکیہ

بالو ریت

بان تیر

بانٹے حصہ

بانجھ کاڑا ایک قسم کی دوا جس کے استعمال سے عورت بانجھ ہوجاتی ہے۔

باند (باندھنا) باندھ

بانج بچا ہوا - محفوظ

باندیا باندھا

بانھ (باہیں) بازو (بانھ - گھٹنا) ہاتھ پکڑنا

بانی آواز - خاصیت رسم ورت

باورے دیوانے

باوڑا طوفان - گردوبار

بادل باڈے

باہاں باہیں - بازو

بالا بلند

بالاسر بلندی پر پہونچنا

بائیں کنواں

باؤ باو - ہوا

باؤ غلط بیانی - صدمہ - رنج

باؤ جھاٹ ہوا کھانا - تفریح کرنا - آوارہ گردی کرنا۔

باؤ تار ہوا کی طرح

بتراں بعد ازاں

لفظ	معنی
بتکاؤ	گفتگو
بتھر	بہتر - برتر - بڑا
بٹاؤ	مسافر
بجا اننے	بجالانے
بجتر	نادر
بجرسِل	سخت پتھر - سِل
بُجے	بُجھے
بجید	
بچار	مشورہ - تدبیر
بچھو	بچھو
بچھانا	بستر
بچھڑن	جدائی - فراق
بچھڑے	چھوٹے ہوئے - جدا کئے ہوئے
بچی	چھوٹی
بخت دار	خوش نصیب
بخشیا	بخشا
بُدھ	عقل
بدھی	اہلِ حکمت، اہلِ دانش
بدل	بدلے - لئے - واسطے
بدل	بادل
بدرم	ہاتھی کی سونڈ کا سرخ نشان
بدھ	عطارد - عقل
بدھاوا	بدھائی - نغمہ عیش
بدھائی	مبارک باد دینا
بدیاوتتا	عقل مند - ہوشیار
بڈا	بڑا
بڈھامان	زیادہ - بڑامان
بر	پھل
بران	بار - وقت
برانی	بیگانہ
برت	برتاؤ
برت	برتنا کا امر
برچی	برچھی
برد	شاندار - قابلِ فخر - مشہور
برسانت	برسات
برسن	بارش

برعمان مبہوت - بھورت

برم گیانی سنجیدہ - عارف

برن لباس - رنگ

بروزنگ گھنگھرو

برہ ہجر - جدائی

برہنی فراق کی ماری

برے بارے - خوب

بُریاں بڑے لوگ

بزکار عیب

بُڑبُڑا بُلبلا

بُڑبُڑے پسینہ

بڑنا بڑھنا

بڑیاں بڑھ جانا - بڑے لوگ

بُس بھیں

بِس زہر

بسارنا بھلانا

بساری بھولی - فراموش

بست چیز

بست زیور - سامان

بسر بھول

بسریں بسر کیے

بسنت بود و باش

بسندے بسنے والے

بسلاکر بٹھلا کر کے

بسلانا بٹھانا

بسیلا بٹھایا

بغر بغیر - سوا

بقم سرخ

بکٹ مشکل

بگولیاں بگلے - ایک قسم کا جانور

بَل زور - طاقت - قوت

بلکنا تڑپنا - چلانا

بلونڈ بلونت - بہادر - قوی - نڈر

بُلیا بُولا

بلیناس ایک حکیم کا نام

بلہار جانا واری یا قربان جانا

بَلی — طاقت ور

بلی جانا — صدقے ہونا

بَم بُو — (بینو) بانس

بن — بغیر

بَنَا — نوشہ

بِنَا — بغیر

بنات — بنات النعش

بِنجالا — بیگن

بُند — بوند

بندرگا — بندرگاہ

بندھارا — ساحل

بندیاں — جمع بندہ - بندے - غلام

بنڈا — چٹان - پہاڑ - روڑا

بن کرنا — بیان کرنا

بنگا — ٹیڑھا

بنّیاں — دلہن کی جمع دلہنیں

بوٹ — انگلی

بوج — ہوش کھو دینا - اپنے آپ میں نہ ہونا

بوج کر — بجھ کر

بوجھنا — سمجھنا - بجھنا

بوریاں — بڑے

بوڑے — بہرے

بوسہ کاری کرنا — بوسہ بازی کرنا

بول — بات - گفتگو

بھاتا — ڈالتا

بھاجنا — بھاگنا

بھار — شان کے ساتھ

بھار — جلوس - جمعیت

بھار — باہر - بوجھ

بھاراں ہوں بھاراں — تجھ سے

بھاری — اعلیٰ

بھکیا — آوارہ

بھاکے — ڈال کر

بھاگ — قسمت

بھاگونت — بھاگوان

بھال — نوک - پیشانی

بھان روشنی۔ شعاع۔ سورج

بھان بہن

بھانا ڈالنا

بَھانا بہانا

بھانا لینا بہانہ کرنا

بھانکیا جدا

بھاونا پسند کرنا۔ بھانا

بھاؤ عزت۔ جذبہ۔ خیال۔ محبت

بھایا ڈالا

بھتر اندر

بھتتر بھیتر۔ درمیان۔ اندر

بھترال بھیتر کی طرف، اندر، اندر کی طرف

بھج یاد۔ ذکر۔ پرستش

بُھج بل شہ زور (بھج = بازو، بل = زور)

بھجن دور

بہرام مریخ۔ سیارہ کا نام

بھر دوت جوانی میں۔ شباب کے دور میں

بھرکانا پھینکنا

بھُرکی بھُرکی۔ فریب۔ جادو کی ایک قسم

بھرے وقت مغرب کے وقت

بھسم فنا

بھگے سیر ہو

بھگیا بھاگا۔

بھگیلے بھاگنے والا۔ دوڑنے والا۔

دیہات میں زراعتی کام کرنے والے نوکروں کی ایک قسم۔

بُھل بھولے سے۔ بھول کر

بُھلنا بھولنا

بھن بہمن۔ بمن۔ نجومی

بھنجن توڑنے والا

بھنور بھوترا

بھو بہت

بھوچیپک بہت طرح

بھوت بہت

بھوتک بہت ہی

بھوتیک بہت سا (سی۔ سے)

بھوجنگ سانپ

بھودو (بھوندو) دل کش، فریفتہ کرنے والا۔ منوہر۔ پیارا

بھودھان بہت طرح سے۔ طرح طرح سے

بھوروپ دیو وہ دیو جو اپنی شکل بدل سکتا ہے۔

بھوڑنا واپس ہونا

بھوڑے رخصت ہوئے

بھوگ عیش۔ آرام

بھوگنی صاحب اوصاف

بھوگی دنیادار، عیش پسند

بھول داٹ بھولنے کی عادت کا غائب ہو جانا۔

بھولنا فریفتہ ہونا

بھومی زمین

بھوماں کا بہت عزت والا۔

بھومیں زمین

بھوں (بھومیں) زمین

بھوندکر عاشق ہوکر۔ فریفتہ ہوکر

بھونگ (بھونگ) بھجنگ، کالا سانپ

بھلا بھلا۔ اچھا آدمی

بھلال منہمک۔ بہت

بھوی ابرو

بھیاؤ بیاہ

بھیٹ ملاقات

بھیجیا بھیجا

بھید جنگل۔ اثر کیا ہوا۔

بھیل آمیزش

بلا دور رہنا صدقے ہونا۔ خوشی

بلاند بلونت۔ زوردار

بی بھی

بیا بیٹھا

بیال سانپ

بیتیال ایک جادوگر کا نام

بیٹ بیٹھ (بیٹھا۔ بیٹھتا)

بیجا دھوکا

بیجلی بجلی
بے چک بھولے سے بھی
بیچھو بچھو (عقرب)
بَیر دشمنی۔ عداوت
بَیر دشمن
بے رچ بے مزہ
بیڑ لینا گھیر لینا
بیڑی پان کی سرخی
بیفہم بے فہم۔ بے وقوف۔ بے سمجھ
بے کام بے زبان
بے کٹر سنگ دل
بیگ جلدی۔ جلد باز
بیگیچ جلدی ہی۔
بیگی جلدی
بھئے اس لئے

پ

پاپ گناہ
پاپی گنہ گار
پاتال زمین کی تہہ
پاترال (پاتر) طوائف
پاتک گنہ گار
پاتی مخبر۔ جاسوس
پاچ کانچ اور معمولی شیشہ
پارا غصہ
پارکھی جوہر شناس، پرکھنے والا
پارنا کھلانا
پاڑ پہاڑ
پاڑدی شکاری۔ دکن کا ایک قبیلہ۔ یہ لوگ پہلے جرائم پیشہ تھے اب بھی پھلوں کی تجارت کرتے ہیں اور اچھے شکاری ہوتے ہیں۔
پاڑنا ڈالنا
پاشاں روڑے۔ پتھر
پاگا اصطبل
پال چھوٹا خیمہ۔ پھلوں کو پکنے کے لئے

گھاس پھوس میں دبایا جاتا ہے
اس کو بھی پال کہہ کہتے ہیں

پال بینڈھ۔ بند

پان کھانا۔ پنیا

پانچ عدد۔ ہاتھ کے ناخن

پاواں قدم۔ پیر

پاوِتے مہمان

پاوتے پات

پاوک آگ۔ بجلی

پاولا قدم

پائیدل پیدل، پیادہ

پائیل وہ شخص جس کی ولادت
پاؤں کی طرف سے ہوئی ہو۔

پائینتھی پائنتی۔ پیر کی طرف

پت برابر

پتمبر زرد رنگ کا ایک قیمتی کپڑا

پتیارا اعتبار

پتیانا اعتبار کرنا۔

پٹ مسند۔ تخت

پٹارا صندوق

پٹھایا بھیجا

پٹی دفتر

پَٹی تختی

پٹیاں بال (عورتوں کے سر کے جمے ہوئے بال)

پٹیاں گھوٹنا۔ کنگھی کرنا۔ بال جمانا

پچر تراوش

پچانیا پہچانا

پچھات (پچھانت) عرفان

پچھانا پہچاننا

پچھیں پیچھے۔ بعد ازاں

پچھونڈی تھکیں

پیچھے بعد

پُختا پختہ ہوشیار

پدر تہہ۔ نچلی سطح

پدک گلے کا ایک زیور

پدم کنول کا پھول

پدمنی خوبصورت عورتوں کے اقسام میں پدمنی بہت حسین تصور کی جاتی ہے۔

پر پرایا۔ غیر

پرا خوبصورت مرد

پراکرم نزاکت

پران جان

پربین پرکھنے والا۔ ماہر

پریت عشق

پرتا پورا ہونا

پریت بنت راہ محبت

پرتھمی زمین۔ دنیا

پرداٹ زوردار۔ طاقت ور

پردکھ غیر کا دکھ

پردھان سب سے بڑا سردار

پرشن آفرین

پرتی نیک بخت

پرسن خوش

پُرش بزرگ یا مرد

پرک مرد

پرکاج دوسروں کے لئے یا دوسروں کا کام

پرکاش روشنی

پرکیم محتاج

پرگٹ آشکار۔ ظاہر

پرم محبت۔ پریم

پرم رس شرابِ محبت

پرملک دوسرا ملک۔ پردیس

پرن محبت

پُرودہ معطر

پروردہ گود لیا ہوا لڑکا یا لڑکی

پرمیس پرمیشور۔ بھگوان

پُردلا پُرتلا

پٹھ آواز زوردار آواز۔ خوفناک آواز

پسا خیال

پسادار خیال دار۔ خیال رکھنے والا

پسارنا پھیلانا — پن نیکی - ثواب

پستک کتاب — پنانا پہنانا

پیس سکتی نہ تھی - گھس نہیں سکتی تھی — پنیی روئی میں تیل ملا کر اینٹوں کے جوڑنے کا مسالہ بنایا جاتا ہے

پشاور پیش دالان

پشتیوان پشت بان - مدد کرنے والا — پنت طریقہ - راستہ

پشمک مٹھائی کی ایک قسم — پنچیاں پنچے

پشنگیاں ایک قسم کا جال — پنچ بھوت - پانچ عناصر

پکڑ سرحد — پنچ کاری - صاحب عزم

پکھوا
پکھوے } بازو - گود — پنچھی پرندہ — پنپیا پیدا ہوا

پکے فخر مضبوط — پنچیاں ایک درخت کا پتہ اور پھول جو مرغ کی کلغی کی طرح ہوتا ہے

پگ قدم

پل لمحہ - ذرہ — پنڈ جسم

پلارک تیر کی نوک — پنکھی پنچھی - پرندہ

پلانے لگے گانے لگے - رونے لگے — پنکھیرو من - پرند کی مانند

پلیٹی آلودہ ہوئی — پنگوڑے بچے - آل و اولاد

پلٹیاں قلابازیاں — پو پر

پلیٹ پھیر - بازگشت — پوتلا پتلا

پوجاران - پجاریاں
پُوچ پوچھ
پور سیلاب - پُر - آباد
پورتی پوتھی - انجام
پوکراج پکھراج
پوگلانی بالیاں جو اہلِ ہنود کانوں میں پہنتے ہیں۔
پُولیاں - شہد کے چھتے
پون ہوا
پوں پانا
پولاد فولاد
پونا جال
پہڑ پہاڑ
پھانڈے پھندے
پھانک جدا - الگ
پھانک کر دھکے سے - زور سے
پھانکے جدا ہوئے - رخصت ہوئے علیحدہ ہوئے

پھبیانہ - پچا جانا
پھبیاتوں - جس طرح مناسب خیال کیا
پھرا پھر - دوبارہ
پھرادا پھریرا - جھنڈا
پھرا بھیس - شکل بدل کر
پھر آتا ہے بھیساں - شکلیں بدلتا
پھرارے - جھنڈے - پھریرے
پھر پھر بار بار
پھرڑے پھل - شاخیں
پُھسکے جدا ہوئے - رنجیدہ ہوئے
پھکڑی - پنکھڑی
پُھکٹ - مفت (پھوکٹ)
پُھکیا - پھاکنا - کسی چیز کا منہ کے اندر ڈالنا
پھگنت - خوش ہونا - پھولے نہ سمانا
پُھل - پھول
پھِل - پھانک سے نرم لب - پھول کی پتی سے بھی ملائم ہونٹ

پھل سیجڑی - پھولوں کی سیج

پھند پھندا

پھنکانا دور رکھنا - جدا رکھنا - علٰحدہ رکھنا

پھوگیا بھول گیا

پھیبے اگر میسر ہو

پیتم عاشق - محبوب - پیارا

پیٹ پیٹھ

پیٹ ڈال - ہموار

پیرت محبت

پیرنا بونا

پیڑ درخت کی جڑ

پھیری تحسین

پھیڑنا ادا کرنا

پیشوے پیشوا - وزیر - مذہبی رہنما

پیک کاشت - فصل

پیکھتی دیکھتی

پیکیے جیسے

پیہلا (پیہلے) پہلا - پہلے

پیہلا بھوند - عاشق ہو کر

پیلاڑ آگے - ہرے

پیلایا پلایا

پیلک ایک قسم کا پرندہ

پییم محبت

پیو پیارا - پی

پیوکہ میکہ

ت

تاب قوت - طاقت

تاجے تاج

تارک طارق - تارخ - سر

تاڑا غرور

تاڑی تاڑ کے درخت کا پانی جس کے پینے سے نشہ ہوتا ہے۔

تال مار خاموش

تام تمام

تاندرکھ ۔ بڑ کا درخت

تامال ۔ عزت ۔ آبرو

تاؤ جوش

تاؤ غصہ ۔ وقت

تائیں تئیں ۔ تک ۔ خاطر ۔ نزدیک

تبھی توبھی

تپانا جلانا ۔ بے قرار کرنا

تپت ماہیت

تج تجھ کو

تجہ تو ۔ تیری ۔ تیرا

تجاوز حد سے بڑھنا

تج تائیں تیرے پاس

تجنا ترسنا ۔ محروم رہنا

تجھ تیرے

تجھ پاوتی تیرے پانے کے لئے

تحصیل ڈھوکہ دینا ۔ آگے بڑھانا ۔ ڈھکیل دینا ۔

تلہ ماتب

تدی تبھی ۔ تب

ترانتر خدا

تربھون ۔ تینوں عالم

تربھون ۔ تین جہان

ترپان بازگشت

ترپتی ترلاک ۔ ملک ۔ جن ودانس

ترت فوراً

ترجگ ترلوک ۔ تین عالم

ترگن تین گنا ۔ تگنا ۔ سہ گنا

ترلوک تین عالم

ترنڈی آنت کی ایک قسم جو بہت نازک ہوتی ہے

ترنگ گھوڑا ۔ موج

ترنگیاں موجیں ۔ گھوڑے

ترہ جگ ترجگ ۔ تین عالم

ترلاک تینوں عالم

تریاں مچھلیاں

ترسرا تیسرا

تسرے تیسرے

تسوی تجھ سے

تعلیق مشابہت۔ تعلق

تقسیم۔ حصہ

تقویٰ پرہیزگاری

تکھکلانا تڑپنا۔ تلملانا

تکیگی بے قراری۔ بے چینی

تِل ذرا۔ رتی۔ لمحہ۔ پل

تِل لمحہ۔ لحظہ۔ ذراسی

تَل نیچے۔ تلے

تلپٹ کرنا برباد کرنا۔ خراب کرنا

تلتل لمحہ بہ لمحہ۔ لحظہ بہ لحظہ

تلک اس اثناء میں

تلکنا تڑپنا۔ بے تابی۔ اضطراب

تلکھی تلخی

تلک فی الفور۔ اسی وقت

تلگ بے خیالی۔ نادانستہ

تلنگ رفتار

تلار نیچے

تلاسنا سولانا

تُمارا تمھارا

تُماری تمھاری

تماشے تماشے۔ قسم قسم۔ عجیب عجیب

چالیس چلنا۔

تمر اندھیرا۔ کثافت

تمُن تم

تُمنا تم کو

تنا تنہا

تنبالو تانبے یا پیتل کے برتن

تنت تار۔ تانت۔ ہر وقت

تن کنگ تجھ تک

تو تم

تُوتیا سُرمہ

تُوج تم ہی

توکا اسی وقت

تول ہم سر

تول پن - پلہ

تولئی تباہی۔ بربادی۔ فوری

توم پستہ

تونبڑا خشک کدو

تویں توہی

تھاپ تسکین وتسلی۔ طبلہ کا ٹھیکہ

تھال جگہ۔ مقام

تھچ بے ہوش

ٹھڈی ذقن۔ ٹھوڈی۔

تھر تہہ

تھنڈی ٹھنڈی

تہئیں (تھیں) توہی

تھی تی۔ سے

تھیر قائم

تھیر ٹھنڈی

تھیر متواتر۔ مسلسل

تھیرنا قائم کرنا

تیج روشنی

تیری نیت کی نین شاطرائیں۔ آنکھیں تیرے راستہ کو خوب پہچانتی ہیں

تیرے لیکھے تیرا حساب

تیرے جز تیرے بغیر

تیزی تازی۔ عربی گھوڑا

تیڑ پیچ ٹیڑھی ہی

تیئوری } ایک پرندہ
تیڑھی }

تے سے

تے اتنے

ٹ

ٹاک گھونٹ۔ جرعہ

ٹاک جلد۔ فوراً

ٹانک ٹانکنے یا سینے والا

ٹٹنے ٹوٹنے

ٹک ذرا

ٹک ایک وزن کی۔ ذرا سی دیر

ٹکے پیسے

ٹھارا مقام۔جگہ

ٹھاری جگہ

ٹھریاں ملحق۔ملا ہوا۔متصل

ٹیلک۔تلک۔قشقہ

ٹینک ٹیلا

ج

جاب جواب

جانچ لجاجت۔آزمایش

جاگرت ہوشیار

جال جلا کر۔جلے ہوئے

جالنا جلانا

جالیا جلایا

جالے جال

جام جلن

جاں تھاں۔جگہ جگہ، جہاں وہاں

جان جوان

جائی ماں جائی۔بیٹی، بہن

جپ پرستش

جپتیاں متوجہ۔نگراں

جپنا یاد کرنا۔تسبیح پھیرنا۔پرستش کرنا

جتّا جتنا

جتّے جتنے

جُجماں سردار۔صاحب

جدّاں جب

جداں تے جب سے

جدّر جدھر

جرانا جلانا

جرم سل سخت پتھر

جروا جذب کرنے والا

جروجا جھرا۔سونا

جروسے ہضم ہو سکے

جرونا کھلانا۔ہضم ہونا

جرونگا ضبط کرنا

جزماں جزم کی جمع

جڑ پرانا

جڑت جڑاؤ۔ مرصع

جس شہرت۔ عزت۔ قوت
فتح۔ ساکھ

جس کے سد۔ یش کے برابر

جک بکواس

جگ اجال۔ دنیا کو روشن
کرنے والا۔

جگ ادھار۔ دنیا کو سہارا
دینے والا۔

جگا جوت۔ جہاں افروز

جگت جگ۔ دنیا

جگت گرو۔ استاد۔ ابراہیم عادل شاہ
کا لقب بھی جگت گرو تھا

جگ جگی۔ اختلاط

جگنی ایک زیور کا نام

جگنے جگنو

جلا جلوہ

جلاب دست

جلانا زندہ کرنا

جلائی جولانی

جل ترنگ۔ ایک ساز جو برتن میں
پانی رکھ کر بجایا جاتا ہے

جل تھل۔ خوب پانی برسنا۔ خشکی
اور تری

جلوہ شادی کی ایک رسم
آرسی مصحف

جمات جماعت۔ اجتماع۔

جم فرشتہ۔ موت

جم سدا۔ ہمیشہ

جن مخلوق

جناردن }
جناردھن } آفتاب۔ خدا

جناور جانور

جنتر ایک ساز کا نام

جنتن کے تئیں۔ جن کی خاطر

جنم عمر

جگم جگ عمر بھر

جیتے جاتے باخبر۔ سیانے

جوت چمک۔ روشنی

جوتی چمکدار

جوتی ڈھونڈتی

جوسی جوتشی۔ منجم

جوشی ولولہ۔ غصہ

جوگ زہد

جول گھوڑے کو گاڑی میں باندھنے سے پہلے تربیت دینا اور اس کو سدھانا۔

جولیاں وہ اژدھا جو زمین کو اٹھائے ہوئے ہے۔

جونا قدیم۔ ڈھونڈنا

جوہری پرکھنے والا

جوڑے ڈھونڈتے

جھال جھلک

جھال گرمی۔ لو۔ جوش

جھالنا جھیلنا

جھانپ پردہ۔ پوشیدہ

جھانک دید۔ گوشۂ چشم

جُھٹانا جھٹلانا

جَھٹانا چمٹنا

جھٹینٹ جٹنا۔ چمٹنا

جھٹے جھوٹا۔ جھوٹ موٹ۔ خواہ مخواہ

جھجھ غصہ

جھجے گزرے

جھڑے سوتے

جھڑے لوٹ

جھجر جالی دار دریچہ

جھڑ جھڑی۔ لگاتار۔ مسلسل۔ بارہا

جھڑتی لینا ۔ جائزہ لینا ۔ تلاشی لینا

جھڑجھڑ آنا ۔ غصہ میں آنا

جھٹر سٹرک گرہ بند

جھگی جامہ ۔ لباس

جھل رشک

جھلجھلانا چمکنا

جھلکن ہارے ۔ جھلکنے والے

جھانگ سوراخ دار

جھلملی ہو کے ٹمٹما کے

جھلماں جھل مل

جھلم جھاڑ مراد پھول اور پتوں سے ہے۔

جھل مرے ۔ ہیبت زدہ

جھلوں قدرے

جھمکن روشنی ۔ چمک

جھن لڑائی

جھنڈو کف، جو مرنے والے کے منہ سے نکلتا ہے۔

جھڈبند پیچ و خم

جھوکہ خوشہ

جھوکیاں ۔ خوشے

جھوکیں گے جھکیں گے

جھوما جھوم ۔ چپقلش ۔ ہاتھا پائی

جھونا کپڑے کی ایک قسم

جھونٹے مار دروغ گو

جھونڈ جھنڈ

جہر جہاز

جھیج جھنجھنا ۔ دبلا ہونا ۔ گھٹنا ۔ کمزور ہونا

جھیل صف ۔ قطار

جھینج جھنجھلاہٹ ۔ طیش

جیا روح ۔ جان ۔ دل

جیا بخش ہونٹ ۔ لب

جیب زبان

جید بہت بڑا

جیز جہیز

جیوان جان

جیوجیت ذی روح

جیوڑا جان

جیو دینا جان ڈالنا - جان دینا

جیوڈھل عماری

جیتے کلغی

جیلگ جب تک

چ

چار پسند - خوبی

چارا غذا - خوراک

چاڑ - آرزو

چاڑے چغلی

چاک چک کر (چکھنا)

چاکنے چکھنے

چالے کرنا چالیں چلنا - حرکتیں کرنا -

چالکا چکھنا

چالا ناز و غمزہ - چال

چاؤ شوق

چپی چپی

چپ بلا وجہ - یوں ہی - خواہ مخواہ

چپ کر رہنا - چپ ہی رہنا

چپی کی چپی - بلا ارادہ - یوں ہی

چیت دل

چتارا نقاش - مصور

چتاری نقاشی - مصوری

چتارے نقش و نگار بنائے

چتارے ہیں - منقش کئے ہیں

چُتر چالاک

چتر چھتری

چتر چھتر نقش

چترسال - نگارستان -

چترنا — نقش و نگار کرنا

چترے — نقش کئے

چتل — چتیں ۔ مراد ۔ دلربا

چٹکا — (لگانا) چرکہ لگانا

چٹک — دھوکہ ۔ فریب

چچھونڈا — چچنڈا ۔ ایک ترکاری

چچھے — محل کے جھروکے

چیراؤ — چیر دو

چڑ — بڑھ کر ۔ زیادہ

چڑت — عقل کی ترقی

چڑنا — غصہ کسی بات سے یا مذاق سے ناراض ہونا ۔

چڑھری — بڑھ چڑھ کر

چڑیا گھاٹ ۔ مشکل راستہ

چڑے — چڑھے

چغتہ ۔ چغتائی ۔ مغل

چک — ذرا

چک — چال کے خانے ۔ آنکھ

چُک — غلطی ۔ خطا ۔ سہو ۔ بھول

چکا — چکھا

چکاٹ — دنگ ۔ دنگ ہونا ۔

چکانے — حیران ہونا

چکانا — چکھانا

چکل کر — بھینچ کر

چکمک — چقماق ۔ چنگاری

چھکنا — بھینچا

چکور — پریشان

چکہ — ذرا

چَگر — ایک پرندہ

چُگر — املی کے پیڑ کی نئی کونپل اور ایک سالن کا نام

چلی — جدا ہوئے ۔

چماسہ جوتی۔ نعلین

چماک کہربا

چموٹے تسمے

چنت چنتا۔ فکر

چنتا فکر

چنپے کلی مردیتی

چنچل نازنین۔ دوشیزہ

چندر چاند

چندر پانچ پنجے کے پانچ ناخن

چندر جوت۔ ایک قسم کی آتش بازی کا چاندنی

چندن صندل۔ قسم کبوتر

چھنوڑ بچوں کی پیٹ کی بیماری جس سے ان کی صحت متاثر ہوتی ہے

چندھوٹی کپڑے کا ٹکڑا۔ سر پر باندھنے کا کپڑا۔

چندپم ماہِ کامل (چودھویں کا چاند)

چندنی کا گل چاندی کو پگھلانا

چنکب چبھنا

چنگنا چومنا

چنگیاں چنگاریاں

چُوب چبھ گیا۔ کھب گیا

چوکھیر
چوکھیر } چاروں طرف

چُوڈھلی غداری

چُور سیاہ کبوتر۔ چرہا۔ بیل

چُورفت چاروں طرف

چُور ریزے۔ باریک ٹکڑے

چُورے لمّا ہے

چُوڑ ریزے

چُوڑ ناکارہ یا خامہ

چُوسار ہشیار، ہوشیار

چُوسری چوبالہ

چُوک بھُوا - بھول

چُوکدن چاروں طرف

چُوکنا بھونا

چُوکھنڈ ربع مسکون

چُولی خاموشی

چُول چھل - فریب

چُومک مقناطیس

چونہ پس } چاروں طرف

چوپھیر } چاروں طرف

چونپ شوق - ترغیب

چوندل چمک

چوندھیر چاروں طرف

چوندی دھوکہ

چوندیاں ترکیبیں

چُونڑیاں چنڑیاں

چونا چننا

چونے اٹھار چونے کی بجائے

چُونیا چیدہ

چھبیلڑا چھبیلا - شوخ

چھجا چھجا

چھجے کوٹھے

چھر دھیان - خیال

چھکاں چھینٹیں

چھل مکر - فریب

چھُیلیاں چھیلے - بکری کی ایک قسم

چھلیاں پھپھلے - چھالوں پر چھالے

چھند فریب - ہنر - فن

چھند عشوہ - غمزہ - مکر - نفاست

چھندبند نازوادا

چندچھونہ فریب، فن

چھنڈ ترکیب - فریب

چھنڈ ناز و کرشمہ۔ مکر و فن

چھنک چھڑک

چھنی چھو

چھینے چھونے

چلاچکتی۔ آنکھ

چیتلا چیلا

چیرت بلس

چیری باندی۔ لونڈی

چیک لکڑیوں کے جلتے نئے جو ۔ پانی نکلتا ہے اس کو کہتے ہیں

چیل تیز۔ نہایت۔ جلد

ح

حالت سول ۔ حال میں آکر

حالی موجودہ ۔ اب ۔ ابھی

حشم فوج

حوض خانے ۔ نہریں

حلے بلس

حوت مچھلی۔ برج حوت

حلال بیوی

حیفی کھانا۔ افسوس کرنا

خ

خار خوار

خالی تنہا۔ اکیلا

خاہی نخاہی ۔ خواہ مخواہ ۔ خواہی نہ خواہی

خبر ہوش و حواس

خُش خوش

خش لکھن ۔ نیک چلن ۔ اچھا ۔ باکردار

خُشی ۔ خوشی

خصالت ۔ خصلت

خمار شراب کا اثر ۔ نشہ کا اثر

خورنق نام اس قصر کا جس کو بہرام نے بنایا تھا۔

خوش نگر حسن۔ مراد معشوق ہے

خوے پسینہ

خیل لشکر

خیل خانہ انبوہ

د

داتار داتا

داٹ بہت۔ زیادہ

دار گھر۔ مکان۔ پھانسی کا پھندہ

داڑ داڑھ

داس غلام

داسی لونڈی۔ باندی

داکھ انگور

دان خیرات

داتیا بھرپور

دانی فیاض۔ سخی

داول دامن۔ آنچل

دبٹنا دبانا

دبنگ نڈر۔ بے باک

دُتن رقیب

دراھی خاک

دُرپن آلودگی

دُرتن رقیب

دُرجک ڈبیا

درحال فی الفور

درس درشن

درگ ناقابلِ فہم۔ آنکھ

درکھی زشت رو

درونا دل۔ سینہ

درے در ۔۔ در بدر

ڈڑی مارنا ۔ روٹھ کر الگ جا بیٹھنا

دس دن

دسن دانت

دسنا دکھائی دینا ۔ نظر آنا

دشیا ایام سعد

دفے دفعے

دِک بہت

دکڑے دام

دِکڑا دمڑی

دکھن پت ۔ دکھن کا حاکم

دگذ دگدا

دَل لشکر

دل باندنا ۔ دل لگانا

دلدّر افلاس

دُلھن عورت ۔ معشوق

دُلھن محبوب ۔ عشق ۔ معشوق

دلیل دلیر ۔ بہادر ۔ نظیر پیش کرنا

دمانک ۔ جلدروی

دم دماتا ۔ دبدبے سے

دم نہ درود ۔ کمزوری

دُند دشمن

دنڈل دنگل

دنڈے ڈنڈا

دنگ چور ۔ بھولے سے

دندیاں مَن ۔ دشمنوں کے مانند

دِوا دیا ۔ چراغ

دُواراں ۔ دروازے

دُوتن کشتی

دُوجا دوسرا

دُوبچ دوہی

دُودبھر دو طرف

دُودھنگ دھنواں نکلنے کی چمنی

ڈودی قسم چیڑی
ڈورائی دراہی۔ حکم
دوری فراق
دوڑا تاخت
دوس الزام۔ قصور
دوستن دوستی
دوس دینا۔ الزام لگانا
دوکال قحط
دوکن دونوں طرف۔ ہر طرف
ڈوکھ دکھ۔ درد
ڈوکھ ہرن۔ دکھ دور کرنے والا
دوگن دوچند۔ دوگنا
دھات قسم، طرح۔ ایک قسم کی نباتات
دھاک رعب جمانا ڈرانا
دھانا دوڑنا۔ تیز تیز چلنا
دھانول طریقہ۔ ڈھنگ۔

دھاؤں۔ دھاوا
دھائیاں حاضر ہوا۔ موجود ہوا
دھٹی کپڑے کی ایک قسم جو محرم میں علم یا تازیئے پر امام کے نام پر چڑھایا جاتا ہے۔
دھرت، دھرتری، دھرتی } زمین۔ دنیا
دھرت کھم۔ زمین و آسمان
دھڑ سالم۔ مضبوط جسم
دھرم فرض۔ مذہب
دھرتہار رکھنے والا
دھریا حرکت کیا
دھش عضو۔ معاف کرنا
دھک آگ
دھقم ہجوم

دھن پاتی۔ دولت کے تصور میں مست۔

دھنور کالا۔ سیاہ

دھنی خداوند۔ مالک

دھنی اچھی قسمت والا

دھلارا دھول۔ گرد و غبار

دھیر صبر۔ استقلال

دلاں جمع دل کی

دیا جال دیا جلانا

دیا دشت مہربانی کی نظر

دیانا روشن کرنا

دیپ متحیر

دیپ آنکھ۔ آنکھ

دیت خون بہا

دیدبانی نگہبانی۔ محافظ

دیں بارہ دس بارہ دن

دیسی دے گا

دیسے دیکھے

دیک دیکھتا

دیک کر دیکھ کر

دیوا دیا۔ چراغ

دیو راجہ۔ راجہ اندر

دیو سکے دینے کے

دیہہ جسم

دے بہار کے مہینے کا فارسی نام

دیے روشن کئے

ڈ

ڈاب۔ کمر

ڈبنا ڈوبنا

ڈر آنڈو۔ وہ حلقہ جو ہاتھی کے پیر

میں ڈالا جاتا ہے

ڈگانا ڈگمگانا

ڈنک غلبہ

ڈوبے تھے ۔ گمنام ہوئے چھپے ہوئے

ڈورے ۔ کسی پر اپنا اثر ڈالنا

ڈول جنبش

ڈونگے گہرے

ڈونگر پہاڑ ۔ چٹان

ڈونگر انبار

ڈوہ گہرا پانی ۔ چشمہ

ڈھال چال ۔ کیفیت

ڈھگ ڈھیر

ڈھگار ڈھیر

ڈھیگار ڈھیر

ڈیک ڈگ ۔ قدم

ر

رابنا خدمت کرنا

راج مارگ ۔ شاہ راہ

راجوٹ ۔ حکومت

راس ۔ زائچہ

راس ڈھیر ۔ انبار اناج کا

راساں ڈھیر

راک راکھ

ران راندہ

راندھا عنبر کی ایک قسم

راوت نیا ۔ سراسر بہادری

راویں طوطے

راہ آوردہ ۔ توشہ

راہی مسافر

رب چھانو ۔ خدا کا سایہ

ریب شک

رَت رتھ۔ گاڑی

رتا رہتا

رتن موتی

رتن پاک۔ اعلیٰ جواہر

رتن کھن۔ معدن جواہر

رَج آس۔ شوق

رج غیرت، شرم

رج لینے۔ عزت کرنا۔ شرم کرنا

رج مان۔ شرم وحیا۔ غیرت۔ خودداری

رجہ آراستہ

رجیا آراستہ کیا ہوا

رچچ چمک۔ زینت

رُچہ ذوق۔ خواہش

رِحال رحل

رخے رقعے

رخن طرف

ردیفاں۔ ہراول

رُس غصہ

رست قطار

رسڑنا نکل جانا

رسڑی رسی

رُسنا۔ روٹھنا۔ ناراض ہونا۔ غصہ ہونا

رضا اجازت

رکھ رکھ

رکسی رکھے گا

رکاس۔ راکھشس

رکھن ہار رکھنے والا

رکھیا رکھا

رگت خون

رلیاں رلنا۔ شوق سے ملنا

رتا رہتا

رنجانا رنجیدہ ہونا

رنجاتے رنجیدہ کرتے

رن کھاتب - جھنڈا جو میدانِ جنگ میں بلند کیا جاتا ہے

رنگ رانا - عیش کرنا

روا دیگ میں تیل گرم کر کے اس سے چور کا امتحان لیا جاتا ہے۔

رواں جان

روپ پودا

روت شباب

رُوت رُت - فصل

روت موسم بہار

روتر بازار - گرم بازاری

روما روم - بال بال

روماؤلی - وہ خط بالوں کا جو چھاتی سے ناف تک جاتا ہے۔

رونگانا طعنہ دینا۔

رون رواں

رہہٹ - تیرہ - تکرار - رٹ

رہنہارے - رہنے والے

رھیاں - درماندے

ریت رسم

ریز ریزش

رین رات

رے رہے

ز

زبان آوازاں - اہل زبان

زٹ ہونا - زچ ہونا۔

زر دینا زیور

زریے بکس

زمانا زمانہ

زنب دم

زنگ کسی دھات کا۔ چٹ

کھا جانا۔

زوادو ایک قسم کی خوشبو

زور زیادہ۔ بہت

زورساون۔ زور کرنا

زورور۔ طاقت ور

زیارت۔ فاتحہ

زیالت (زیادت) زیادہ

زیرزنگ۔ ایک توپ کا نام جو

قلعہ بیجاپور میں تھی۔

س

سات ساعت

سات سات۔ عدد

ساترا مدت

ساتو ساتوں

ساج سجاوٹ۔ زیبائش۔ سنگھار

ساچ سچ

سار مثل۔ مانند

سار سوار

سار تنکا۔ تھوڑا سا

سارا پورا۔ کل۔ کامل

ساگر تالاب

سالم پورا۔ سب۔ جملہ

سامی سوامی۔ صاحب۔ پیر

سانت۔ بارش۔ موسم بہار۔ فرحت

بخش

سانج سانجھ۔ شام

سانڈ جوڑکر

ساندیا باندھا

ساندیاں - اعضاء

سانگ - برچھی

ساوج - ایک جانور جو ہاتھی سے بڑا ہوتا ہے۔

ساؤچیت - مطمئن - چوکس

سَبد - بات - لفظ

سبوٹ آخر - انتہا

سپت سات

سپٹ تمام

سپڑنا گرفتار ہونا - پھنسنا

سپیارے - سپیرے

سپتور بھرپور - پورا - تمام - لبریز

سپنے سپنا یا سنہا

سپنا - خواب

سنہا زیب دینا۔

ست - سچائی نیکی عصمت - جان روح۔

سُتا سوتا

ستر - تاگا - سیتلی - دھاگہ

ستل خنک - ٹھنڈی

ستی نیک بخت

سٹ کر پھینک کر

سٹنا نکالنا

سٹنا ڈالنا

سٹیار چھوڑدیا

سٹیارٹ طے کیا

سُجھ سوجھ

سج آسان - سلیقہ مند

سج آراستہ

سجات نیک دل - نیک ذات

سجات بہتر - اچھا

سجاتی دلربا

سجان عقل مند - ہوشیار

سجن دوست - محبوب

سچلا سچا

سچل سچ مچ

سُد عقل و ہوش

سد دیوار

سداکال ہمیشہ ہمیشہ

سدبدل خبر کے لئے

سدھارہو - ہوش باختہ ہوں

سر - ہم سر

سرالخ - تعا

سراتا - تعریف کرنا

سرآنگی - سرخ

سرائے - تعریف کے

سرب - تمام

سربند دستار

سرپ } سانپ
سرین }

ستری از سرنو

سرج سورج

سرجا پیدا ہوا

سرجائے پیدا کرتا ہے

سرجن پیدائش

سرجیا پیدا کیا

سرجی ہے پیدا ہوتی ہے

سرجائی چائے - گنجا

سرخ ایک پرندہ

سُرستی - حکمت و دانش - موسیقی کی دیوی

سرس - بہتر

سرس - رسیلا

سرلیں - ختم ہو چکے

سُرک پھندا
سُرگ بہشت۔ جنت
سرمنڈل ایک ساز کا نام
سرنا ختم ہونا
سرنگ سرخ۔ خوش رنگ
سرنگا سرخ
سرن روح
سرن سجدہ کرنا۔ پاؤں چھونا
پناہ لینا
سرن میں اطاعت میں
سُسروارٹ سسرال
سروپ خوبصورت، خوش وضع
سرور چشمہ
سریا آفتابی
سریایاں چھتری۔ چھاتہ
سریر بدن۔ جسم

سری خوبصورت۔ آب وتاب
سرے زیب دینا
سزاوار لائق سزا
سڑم سُن
سڑی سیڑھی۔ عروج
سڑیاں۔ سیڑھیاں۔
سڑیاں۔ سسکیاں
سسی چاند
سفلیچہ زین
سفید آب۔ نطفہ
سُکھ سکھ۔ چین
سکّا مہر۔ سکہ
سکت قوت
سکچھ حجاب
سک لبد۔ خشک ہونٹ
سکل۔ لب

سکتنا - سوکھنا

سکہ انگوٹھی

سکھی سہیلی - دوست - محبوبہ

سکیا سکا

سکیا سکھی

سکیاں سہیلیاں

سگٹ پورا - کل

سگھڑمن صاف دل

سگل تمام

سگلی تمام - سراپا

سگن شگون

سگند خوشبودار

سلج لباس

سلکت ٹنکا ہوا

سلکھن نیک چلن - خوش نصیب

سلکی لڑکی

سلول ہموار - خوشنما

سماد سمادھی

سمد سمندر

سمدر روبرو

سمک وہ مچھلی جس پر زمین ٹکی ہوئی ہے

سم سامنے - مقابل - برابر

سنبات دیوانگی

سنبالنا سنبھالنا

سنبالنے ہارا - سنبھالنے والا

سنبھوگ صحبت

سنت مرد

سنتانا ستانا - پریشان کرنا

سنتر فریب دینا

ستر فہمائش

سنتوش سکھ - شانتی - اطمینان

سنچالی سچی۔حقیقی
سنچل آہٹ
سنچرے داخل ہوئے
سنچری ایک مرض
سنچرنا پہونچنا۔داخل ہونا
سنچل بھنک۔آواز۔قدم
سندر خوبصورت
سندیاں شام کی پوجا
سنسار دنیا
سنگ سینگ
سمنک سامنے۔مقابل
سمنکھ موت کا فرشتہ
سن مرض۔سردی
سنکا خوف۔شبہ
سنکے سنکھ
سنگ ساتھ۔محبت

سنگات۔ساتھ
سنگاتی۔ساتھی
سنگار۔آرائش
سنگرام۔لڑائی۔ہم صحبتی
سنگن۔نگین
سنواریا سنوارا
سنیاں سنسان
سنے سونے
سوا سرونا
سواد سیاہی
سوای برتر
سوائے مزید براں
سوباس خوشبو
سودھرنا سدھرنا
سودھن معشوق۔نازنیں
سور آواز۔سُر

سور — سورج

سور — خوشی۔ وہ عید جس میں سرخ رنگ اور گلال کھیلا جاتا ہے

سورج کا آئینہ — بدر

سوزنی — فرش پہ بچھانے کی رنگین پھولدار چادر۔

سوس — تونس۔ شدتِ تشنگی

سوسنا — برداشت کرنا۔ سہنا

سوسیا — جیسا

سوکشم — عالم ملکوت۔ جسم ملکوتی

سوکی — سکھی

سوکے چنیندے — فی صد چن کر

سوگند — خوشبودار

سُول — عالم اجسام

سُولچھن — نیک اطوار

سونت — باند

سوں — سے

سون — قسم

سوندل — جنگ۔ جنگی۔ لشکر

سون سان — سنسان

سوون — غلبہ

سہانا یا سہنا — اچھا معلوم ہونا

سہتے — زیب دیتے

سہس — ہزار

سہنکرت — سنسکرت

سہم — تیر

سہی — سزاوار

سہے — زیبا

سلا — اسلحہ۔ ہتھیار

سیام — سیاہ

سیکب — مراد سیب ذقن

سیس — سر

سیس سانپ جو زمین کو سر پہ اٹھائے ہوئے ہے

سیک نصیحت

سینا سینہ

سیند رشک

سیرِ سر

سیر تھے پھرے

سیروا شوربا

سینک کشتی

سیوال کنجال کی قسم - کائی

سیوٹ کوں - آخر کار

سیوک خدمت گزار

سیونے خدمت کرنے - پرستش کرنے -

سیویں پرستش کریں

ش

شابی علامت

شاطیر شاطر - ماہر

شانا شان

شانیاں شانے

شاہدی گواہی

شاہ کارن بڑا کام

شبا شب خون

شب گوش صندلی رنگ کا ایک پرندہ

شب کوش ایک قسم کا پھول

شبی شبیہ

شتالیا بے چین کیا

شتاشتت - پراگندہ کرنا - مضراب کے تاروں کو چھیڑنا -

شرزہ شیر کا بچہ

شرف دار۔ جب آفتاب برج حمل
میں ہوتا ہے تو ان ایام کو
شرف دار کہا جاتا ہے۔

شکر شیریں

شکر بھوٹا نے۔ مٹر یا چنا جس پر
شکر لگی ہو۔

شگُن خوبی۔ نیک

شلم توشہ

شَو شوہر

شو گوند

شوبھگی شوہر

شور شورہ

شہاں شاہاں

شیش اژدھا

ص

صاحب ریت۔ صاحب حکومت

صبا صبح

صبوری صبر

صحن آنگن

صحی صحیح

صدر فرش

صُرّیاں صراحیاں

ض

ضایا ضائع۔ خراب۔ برباد

ضراد جزیرہ

ضرب ضرب المثل

ط

طاس مراتب

طاس ایک پرندہ۔ ایک قسم کا
ریشمی کپڑا

طبل نقارہ

طبلے صندوق

طبنیاں کھڑکیاں

طناز عشوہ گری

طواسیاں قالین

طورسانچہ قالین

طوطیا مضمون البائی

طیاری پرواز

ظ

ظالم ظلم کرنے والا

ظلم اندھیرا۔ زیادتی کرنا

ع

عاروس عروس۔ دلہن

عرق داں گلاب پاش

عطاب عتاب

عطارد عطارد کو راجوردی رنگ سے نسبت دی جاتی ہے۔

علماں عالم

عیب چھٹنا عیب گری کرنا

عیدسوری عید صحت یابی رسول مقبول صلعم

علاوا الاوہ۔ الاؤ جس میں آگ جلائی جاتی ہے۔

غ

غازیہ قوت ہضم

غراب کوا، جلد روکش

غرانیاں مراد سلع

غرقاب ڈوب جانا۔ بے حد

غریب مسافر

غشی بے ہوشی۔ تشویش۔ افسوس

غصا غصہ
غَل شور۔ گڑبڑ
غلسلا بغیر غسل کیا ہوا
غنم گوسفند
غنیماں مرادحریف
غواصی دکھنی زبان کے مشہور شاعر کا تخلص ہے
غوغاسمیت۔ غوغا کرنے والے۔ گڑبڑ بچوں کی آواز
غیب غائب

ف

فاضل عالم۔ بڑھ کر
فام فہم۔ سبی
فامنا فہم۔ سمجھنا
فراد فرد
فراشی ادب، تمیز
فرشتیاں فرشتے (جمع)
فرقدان نام ستارہ
فرنگ تلوار
فصلی جدائی۔ فاصلہ
فکروند فکرمند
فلونی جوب
فہمانا سمجھانا

ق

قاب بڑی رکابی کھانے کی پلیٹ
قالو نقارے کی قسم
قائم برابر
قبولا قبول کرنا۔ اقرار کرنا
قِران نجوم۔ نحس
قرمزی قرمزی

قضا قصہ

قضا قضاء۔ موت

قلندری ڈیرا

قماشاں کے قد۔ مراد ستون

قوبچی چوب دار

ک

کابراں کوے

کات کتھا

کاٹ لکڑی

کاج کام۔ تقریب۔ شادی۔ بیاہ

کاچ کانچ

کار کے لئے

کارنے کارن

کاڑنا نکالنا

کاڑی تنکا۔ تیلی

کاڑی تمن۔ تنکے کے مانند

کاسی بند۔ گھنگھرو

کاکاتوئی۔ ایک پرندہ

کاکلوت۔ حرص۔ خواہش

کاگ کوا

کال وقت

کال دشمن

کال بدھ جسم

کالج کلیجہ۔ جگر

کالوے۔ ندی۔ نالے

کالی روشنائی

کاماں۔ کام کی جمع

کام لانا۔ کام پہ لگانا

کاں۔ کہاں

کاناچ۔ کان ہی

کانٹیاں۔ کانٹے

کاند دیوار

کانگڑے تربوز

کبیری شاعری

کیل سخت۔ دشوار۔ مشکل

کپت کپڑا۔ کثافت۔

کپٹ ایک قسم کا درخت۔ کینہ

کیوبی مسک

کتا کتنا

کتاکر کتنا کچھ

کتاہوں کہتا ہوں

کتک کتنے

کتی کتنی

کتے کتے کتنوں نے کہا

کٹ سوئی پرندہ

کتک لشکر

کجل بغیر کاجل کے، بے نور۔ کالا

کچ کچھ

کچ پریشان

کچ کچھوا

کچوڑے کچھاڑے

کچھواج کچھانا۔ پہلوتہی کرنا

کچی نیم پختہ۔ خام

کدھاں لگ۔ کہاں تک۔ کب تک

کدھن طرف

کدھیں کبھی

کٹیالے ایک پرندے کا نام

کِسے کسی کو

کسے کسوٹی پر کسے

کر یہ لفظ کئی طرح سے استعمال ہوتا ہے جیسے ہمنا ہادی ہے کر پہچانے گا۔

کرانی دوکانداری۔ منشی گری

کرت — ست جگ۔ بیداری کا عالم
کام۔ عمل

کرتار — خدا

کرسکر — کرسکے گا

کرکنوں — ہاتھ

کرن — کان

کرن — کرنے

کرے — کئے

کرے مار کروتنٹ — غارت کرے

کرڑپ — شکم

کرڑچ — مشکل۔ سخت

کرڑی — سخت

کرڑکا — کنارا

کرڑکی — غوطہ

کرڑکے — ساحل

کرڑوا — بہادر۔ مضبوط۔ بے رحم

کشٹ — تکلیف

کف بکف — شرط کے ساتھ

کفیاں — مست

کگر — کہہ کر۔ سمجھ کر

کل — ترکیب

کلپت — جنت کا درخت

کل مکھی — سیاہ رو

کل نکل — فوارے

کلول — شوخی۔ ولولہ

کماچان — نان کی ایک قسم

کم قل — کم عقل

کمل — تازہ

کمل — کنول

کملائے — مرجھائے

کمبر — کم

کن — کس نے۔ کوئی

کِن ریزہ دانہ

کنا کہنا

کنام گمنام

کنامی گمنامی

کنت محبوب۔ خداوند

کنتل بالوں کی لٹ

کَنتھا قصہ۔ داستاں

کنٹھا مال مالا، جو گلے میں پہنا جاتا ہے۔

کُنجات بدذات۔ بداصل

کنجر ہاتھی۔ ایک قسم کا سانپ

کنجل

کنچن زر۔ طلاء

کنچن سونا

کنچھل آہٹ

کندوری دعوت۔ دسترخوان

کنڈل زلف

کنڈال حلقہ

کنڈلیاں لٹیں۔ گول حلقے

کنے کس نے

کنشٹ حقیر۔ چھوٹا

کنک سونا

کنک عیب

کنکر بھار کنکروں کے بجائے

کنگارے کنگورے

کنگوئی کنگھی

کنولی نرم

کنیاسو متاع

کنے کن۔ پاس

کنے سن بے حسن

کو کوس

کو کرکے۔ کوئی

کُو — کہو

کُوا — کنواں

کوانا — کہلانا

کواوت — کہاوت

کوپ — غصہ۔رنج

کوتک — باریک

کوٹ — قلعہ

کوچ — کچھ

کودن — احمق

کوڑیال — پانی کا جانور

کوڑیال — کوڑیالا سانپ

کوسنگ — بدصحت

کوک — کم

کوکہاں — ایک پرندہ

کول — سور۔بے وقوف

کُولا — گیدڑ۔ہوشیار

کُولاٹیاں — قلابازیاں

کُولتی — جلتی ہوئی لکڑی

کُولہ — کوئلہ

کوم — پودے کی نوک (کونپل)

کوں — کہوں

کونتے — قید رہے

کونچہ — کوچہ

کونچیاں — کوچے

کونڈیار — قید و بند

کونڈنا — مقید کرنا۔بند کرنا

کون ساندیاں۔پیوندیاں

کوں گی۔کہوں گی

کوھاڑا — ماجرا

کوو — کہو

کِدر — کدھر

کہکش — کہکشاں

کہی	کہوں
کمان	کمانِ معدنی
کماگا	کمائے گا
کمان	کمانا
کماں	عمارت گری
کمالا	خالہ
کھب کھب	۔ خمدار ۔ پیچ در پیچ
کھت	بل ۔ پانی
کھٹ	جسم
کھنتہار	جاں فرسا
کھجی	کھسیانا ہوکر
کھجتا	کھسیانے ہوتا
کھڈے	گڑھے ۔ ناہموار راستہ
کھڑتل	سخت ۔ خراب ۔ جھگڑالو
کھڑگ	تلوار
کبھی تبھی	اتھل پتھل ہوگئے

کھن	آسمان
کھن	حصہ ۔ ٹکڑا ۔ دنیا
کھنڈیتا	توڑنا ۔ برباد کرنا ۔
کھنڈیاں	بے شمار ۔ ستوسیر
کھنڈے	بکھرتے
کھم	ستون
کھو	غار
کھورتا	بے مروتی
کھوڑ	خلل ۔ خرابی ۔ عیب
کھول	نام ایک پرند
کھلا	ہالہ
کھلاجیت	معرکہ
کئی	کہی
کلا	روشنی
کلا	مکر و فریب
کلاپنی	گنہ گار

کلاسیاں پیوند
کی کہی
کیا کہا
کیاں کی (جمع)
کیرا کا
کیرا طوطا
کیرے کے
کیس بال
کیل چابی۔کنجی
کیں کہیں
کیول کامل۔خاص
کے کہ

گ

گاب حمل
گلالا پھول کا زیرہ۔گلال
گار ایک قسم کا سفید پتھر جس کے رگڑنے سے آگ پیدا ہوتی ہے
گانٹی گرہ
گاون گانے والی
گاودی گائے۔بیل اور زراعتی کام کا نگراں۔ بمعنے بے وقوف بھی مستعمل ہے۔
گپت باطن۔پوشیدہ
گت ہنر۔چال۔سرگم
گٹھری (گٹھری) سامان کی پوٹلی
گج سانپ کا پکڑا ہوا ہیرا
گج ہاتھی
گج خانے فیل خانے
گجگا ایک جنگلی پھل کا بیج
گدڑا گدھا
گدگلی گدگدی

گرب فخر۔ انانیت

گرب حمل

گرواں کر چھپاکر

گری سوکھی گھاس کا ڈھیر

گزریاں گزریں

گڑ کرڈا

گڑ گڑھی۔ قلعہ

گڑدینا بوسہ دینا

گڑلینا چومنا۔ بوسہ لینا

گڑوا لوٹا

گڑی گڑھی

گگن آسمان

گگی گگی

گل پڑنا پگھلنا۔ گرپڑنا

گل داری پھولوں کی باڑ

گل کر پگھل کر

گلنا پگھلنا

گلہار کرنا گلے میں ہار ڈالنا

گمان خیال۔ طرف

گمت تماشہ۔ لطف

گمنا سیر کرنا

گن عادت خصلت

گن ہنر

گناہاں گناہوں

گن بھری ہنر والی باسلیقہ

گن ندھان ہنرمند

گنبھیر بڑا بھید

گنبھیرتے عقل مند

گند بدبو

گندیا گوندھا

گنگے گونگے

گنوانا کھونا۔ ضائع کرنا

گنونت ہنروالا یا والی

گنوتا ہنرمند

گنوان ہنروالا

گُنی ہنرمند۔ عقل مند

گِنی اشرفی

گُنی جن اللہ والے

گوا گواہ

گوال گنوار۔ دیہاتی

گوپی محبوبہ کرشن جی کی

گوت نسل

گولن گوالن

گولی گوالا۔ دودھیا

گوم گھوم

گون روانگی

گوندتا سوچتا

گہنیاں زیور

گھابَرا پریشان۔ گھبرایا ہوا۔

گھات کرنا۔ دھوکہ دینا۔ دغا دینا

گھال ڈال

گھالنا پھانسنا۔ ڈالنا

گھالی پھانسنے والا

گھامڑ بے وقوف۔ گنوار

گھاگرڈا گھول۔ تتر بتر۔ الٹ پلٹ

گھاؤ زخم

گھٹ سخت۔ مضبوط

گھٹنا کم ہونا

گھرے گھر۔ دربدر

گھڑوا صراحی۔ آفتابہ

گھڑونچی۔ صراحیاں اور گھڑے رکھنے کا

اسٹانڈ

گھڑولا صراحی

گھڑی کرنا۔ تہہ کرنا

گھمنا گھومنا

گھنا بڑا۔ سایہ دار

گھنگھٹ } گھونگٹ

گھنگٹ

گھیرا گھنا

گھیارا تھان۔ مویشیوں کے باندھنے کی جگہ۔

گھیو گھی

گھواں (گھوا) ایک قسم کا کیڑا جو پانی کے کنارے رہتا ہے

گھونکرو۔ کانٹے دار بیج

گیان صاحبِ عرفان

گیانی عارف

گے (حرف ندا) دکن میں عورتیں مخاطب کرنے کے لئے "گے" بول چال میں استعمال کرتی ہیں مثلاً "اماں گے" وغیرہ

ل

لاب نفع۔ فائدہ

لاٹ کپڑا

لاجبا شرمانا

لاڑ لارڈ

لاک لاکھ

لال پیارا۔ محبوب

لالن محبوب

لبدانا فریفتہ کرنا

لبدائیاں۔ فریفتہ کیا

لت لات

لٹ پٹانا۔ لپٹانا۔ لپٹنا۔ لڑکھڑانا

لٹنا۔ کمزور کردینا

لج لاج

لبالو — چھوٹی موئی کا درخت

لچکا — چاشنی ۔ چسکا

لِٹرنا — لڑھکنا

لطیفا — لطیفہ

لفظاں — لفظ کی جمع

لِک — چمک

لکن — چھپنا

لگ — تلک

لگیا گلے — گلے لگایا

لنگ بھجو ۔ لنگایت (ایک فرقہ)

لوگ — دنیا

لون — رنگ ۔ رونق

لون — نمک

لہراں — لہر کی جمع

لہو — لہو ۔ خون

لھوا — لوہار ۔ تلوار

لھوا لڑنا — تلوار چلانا

لھوے — تلواریں

لئی — بیت

لیانہار ۔ لانے والا

لیٹرنا — زمین پر لیٹ کر کروٹیں بدلنا

لیسی — لے گا

م

ماتی — مست

ماٹ — بڑا گھڑا ۔ ایک سبزی کا نام

مارگ — راستہ ۔ شاہراہ

ماس — گوشت

ماگ — سر ۔ تود

مالن — (عورت) باغ کی نگرانی اور پھول بیچنے والی۔

مان — عزت ۔ آبرو ۔ ساکھ

مانا — سمانا
ماپ — پیمانہ۔ ناپ
مانجہ — پتنگ کا ڈورا جو بہت تیز ہوتا ہے۔
ماندا ہونا — بیمار ہونا۔
مانڈنا — جمانا
مانک — موتی
مانیا — تسلیم کیا
مہابت — بزرگی
ماہیت — اصلیت
مایا — مطلب
میانے — میں نے
متا — متاع
متوال — متوالا
متی — مستی
مرچھا — مٹھ

مٹکا — گھڑا
مثلاً — کہاوت
مجے — مجھے
مچھی — مچھلی
مد — شراب
مدا — مدعا
مدچڑے — شراب پیے
مدن — محبت۔ عشق
مرادات — مرادیں
مرتبا — مرتبہ
مرگ — ہرن
مُرگ — گنوار
مُرم — بھید۔ حقیقت
مستک — پیشانی
مستید — مستعد۔ تیار
مسکی — مسکراہٹ

مسون مجدے

مسلا ضرب المثل

مسلا بوجھنا - معمہ حل کرنا

مشارے - مشورے

مطلق قرآن شریف میں آیت کے آخر ٹھہرنے کے لئے گول نشان بنایا جاتا ہے - ٥

معرزا معجزہ

مغّم مغموم

مکت نجات - مکتی

مکٹ تاج

مکرزن - کٹنی، دلالہ

مکرڑا مکھڑا

مکّی
مکّا } بند مٹھی

مکمکاتا چمک اٹھنا

مُلمّا تمع

ملہم مرہم

مَن منہ

مَن دل

منَا منع

منتّاں - منتیں - مرادیں

مندہر (مندر) مکان

منڈاں
منڈن } کائنات

منڈف - منڈپ - سائبان

منڈنا بنانا

منڈوا منڈھا

منگل ہاتھی

منگنا مانگتا

منگیا مانگا - چاہا

من ہر - دل جیتنے والا - من موہن

مٹے یں

مُو میرا۔میری

مُوتاں موت کی جمع

موٹھی مُٹھی۔مشت

مَوز کیلا

ملا مُلّا۔مولوی

ملانڑا ملاحظہ

ملانہیارا۔ملانے والا

مول اصل

مول منھ

موہنا فریفتہ کرنا

مَہاڑی محل۔ایوان۔قصرِ دو منزلہ بنگلہ

مہاجان۔جوانمرد

مہاکارن۔مقام لاہوت

ماہ کارن۔مرتبہ۔رتبہ

مَہرے تارے

مَہرڑی زینہ۔دو منزلہ بنگلہ

مُہنتے بھینے

میّا ماں۔محبت (میّا کو طنزیہ طور سے بھی استعمال کیا جاتا ہے

میزدانی میزبانی

مے میں

ن

نابات۔نبات۔مصری

ناپنا انکار

نات ناتھ۔خداوند

ناد مانند۔طرح

نادیک یک۔سارے حصے

ناری نہاری

نازوک نازک

تاڑ — نبض

ناسکا — ناک

ناف — شکم

ناگر — ہل

نال — نے، پتھر یا لکڑی کا آلہ

نال — ساتھ

نالکی — ایک قسم کی سواری

ناما — نامہ

ناندیاں جوڑنا — ملانا۔ تھمانا

نانگر — ہل

ناورد — جنگی

نانک — مرداد

ناوں — نام

نپایا — پیدا کیا

نپاتی — جتنی ہوگا

نِپج — تخلیق

نپجانا — پیدا کرنا

نت — ہمیشہ

نَت — نتھ۔ باگ

نٹوے — ناٹک کرنے والا

نجانا / نجھانا — غور سے دیکھنا

نجھایا — غور سے دیکھا

نخمل — صاف۔ خالص

نچنت — بے خطر۔ غنی۔ بے فکر

نخس چھیننا — عیب جوئی کرنا۔ برائی کرنا

نِدرا — نیند

ندھر — ناقص۔ ناکارہ

نِراسا — ناامید

نِرادھار — بے بس۔ بے سہارا

نِراکار — جس کی کوئی شکل و صورت نہ ہو۔ خدا کی ذات

نرایت ۔ بے حد	نسنگ علیحدہ ۔ الگ
نرجی تریاق	نسنگ بے خوف
نرجیو بے جان	نظر نذر
نرد مہرہ	نظر تاج ۔ پھول کی قسم
نرس کمتر	نعل بندی دینا ۔ خراج ادا کرنا
نرملیاں ۔ پاک وصاف ۔ ایک بیج جو پانی میں گھلاتے ہیں	نغر بڑائی
نرمول انمول	نقشاں ۔ نقشے
نرمجن بے چوں	نکٹ نزدیک
نروار ارواح	نکرسوں ۔ نہ کروں گا
نزیک نزدیک	نکیا نکلا ۔ باہر آیا
نژوا پھلا	نکو نہ ۔ نہیں
نس رات	نکھ ناخن
نس تی درانہ ۔ رات سے زیادہ طویل	نکھور تلخی
	نکھوری ۔ بے مروت
نسدن ۔ شب وروز	نگر بستی ۔ شہر ۔ آبادی
نسنگ ساخت	نگوڑا ناکارہ ۔ کلمۂ نفرت

نلتے سے — نل کی طرح سے

نگ — ایک نظر میں

نمانی — نادر

نمن — مانند

نن پن — بچپن

نند — خوشی، نند نے سری کرشن جی کی پرورش کی تھی

نیندیاں کے تن — نیند کے ماتے۔ مخمور

نوا — نیا

نواکاج — نیا کام۔ شادی بیاہ

نوازنا — عنایت کرنا۔ نوازش کرنا

نوانا — جھکانا

نوائے — جھکائے

نورس — ابراہیم عادل شاہ کی تصنیف کا نام۔

نوسکھ — نوآموز

نوطاس — رین۔ سہ پہر شب

نوکھن — نوطبق

نوکھنڈ — دنیا

نوکھنڈ — نو آسمان

نوگزی — خیمہ

نول — بے مثل

نول — نگاہ

نوی — نئی

نوی رت — نئی جوانی

نوے بھل — کپڑے کی ایک قسم

نہ اپڑیہ — نہ پہونچے

نہ سلا سماسک — سلا یعنے چھپ۔ یعنی چھپ کے سمانے کی بھی جگہ نہ تھی۔

نہ لیا سک — نہ لا سکے۔

نرمائی نہ سمایا

نھاٹنا بھاگنا۔ دوڑنا

نھٹھ جائے۔ بھاگ جائے

نھنھواد۔ ننھے بچے

نھواں۔ ناخن

نھواں لانا۔ ناخن لگانا

نئے چاند بیچ۔ نئی کے چاند کی طرح

نیاری نرالی۔ الگ

نیٹ صاف۔ سیدھا

نیچو نیچی

نیر پانی

نیکے نیکے۔ اچھے اچھے

نیلک ایک قسم کا کپڑا جس پر بوٹیاں

نیلاب دریا

نئیں نہیں

نین مد مخمور آنکھیں

نیہہ محبت۔ عشق

نیڑ نزدیک۔ قریب

نیڑنا نزدیک لانا۔ قریب لانا

و

واقا واقا۔ واقعہ

واز ناش۔ بیزار

وانا قربان کرنا

واتے وہاں سے

وتے اتنے

وخت وقت

ودا وداع

وڈ قوی۔ برتر۔ افضل

ورٹ سخت

ورگ بھیڑ۔ جماعت۔ گروہ

وکار غالب۔ شاطر

ورکش زبردست

وستاد استاد

وصلی ٹکڑا۔ کاغذ جس پر خوشنویس لکھتے ہیں

وصول اصول

وضا وضع

وضوساز کر۔ وضو کر کے

وکد تاکید

وونگ۔ کم

وتیاگ۔ آفت۔ مصیبت۔ بیزاری

ونیکنٹھ جنت

ویلےوار۔ دوصف۔ دوراستے

ہ

ہات بازی کرنا۔ دست درازی کرنا

ہاتھ چوڑنا۔ افسوس کرنا

ہات مارنا۔ چلانا۔ کسی کو مارنا

ہانس ہنس

ہب اب

ہت ہاتھ

ہت ہاتھی

ہت دوستی

ہتو دوست

ہتوتی دوست

ہیچ معاملہ

ہیچ دیوانہ۔ حیرت زدہ

ہیچ ہوتا۔ قاصر رہتا

ہندا ہیچ۔ درمیان

ہڈ ہڈی

ہڑکل بڑا دروازہ

ہشمی مٹھائی کی ایک قسم

ہلک جست

ہَلُو آہستہ

ہم قصد۔ ہمت

ہم تم ہونا۔ مقابلہ کرنا۔ مقابل ہونا

ہمتول ہمسر

ہمتی ہمت۔ ضد

ہمجولی ساتھی

ہمسار ہماری طرح

ہمن ہم

ہمنا ہم

ہم نمک۔ شریک

ہنڈنا پھرنا

ہنڈے گشت کرے

ہنروند ہنرمند

ہنسیاں کم تر۔ ہنسی کی جمع

ہنگوار ہموار

ہم چک چار۔ آنکھیں چار ہونا

ہوا اور

ہوڑ شرط

ہوڑی کشتی جو درخت کے تنے سے باندھی ہوئی ہو

ہوسے نا نہ ہوسکے

ہَول جنت۔ اختلاج

ہَولا بے وقوف

ہَولے آہستہ۔ دھیمے

ہیا دل

ہیر قوت

ہیراں حیراں

ہیڑا گوشت

ی۔ے

یتّا اتنا

یتّیاں اتنی

یدی مگر

یپاول چوبدار

یکتی ایکٹھے

یکٹ واحد

یکٹ تنہا

یکٹ پن۔ تنہائی

یک چت۔ ایک خیال

یکس ایک شخص

یکسار یکساں

یک کا ایک۔ اتحاد

یکل تنہا

یکن ایک

یکنڈر اکیلا

یکنگ ایک ساتھ۔ ہم صحبت

یو یہ

یوز چیتا

یوک نصیب

یئید عید

یئیچ اعتراف

یئیچ یہی

یے بہت

★

مرتب کی دوسری کتابیں۔

"اردو شاعری میں صنف شہر آشوب"

(زیر طبع)

★

"کلاسیکی تنقید نگار!"

تنقیدی مضامین کا مجموعہ

(زیر طبع)

★

"شعری مجموعہ"

(زیر ترتیب)

ادبی اکیڈیمی حیدرآباد شائع کریگی